# خبر نامہ انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

شمارہ نمبر 07

اگست 2019ء بمطابق ذی الحجہ 1440ھ

## فرمانِ الٰہی

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَاۗؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰي مِنْكُمْ ۭ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰي مَا هَدٰىكُمْ ۭ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ (سورة الحج 37)

اللہ کو نہ ان کا گوشت پہنچتا ہے نہ ان کا خون، لیکن اس کے پاس تمہارا تقوی پہنچتا ہے، اس نے یہ جانور اسی طرح تمہارے تابع بنا دیے ہیں تا کہ تم اس بات پر اللہ کی تکبیر کرو کہ اس نے تمہیں ہدایت عطا فرمائی، اور جو لوگ خوش اسلوبی سے نیک عمل کرتے ہیں، انہیں خوشخبری سنا دو۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَجَدَ سَعَةً فَلَمْ يُضَحِّ فَلَا يَقْرَبَنَّ مُصَلَّانَا (مسند أحمد)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قربانی کرنے کی گنجائش رکھتا ہو پھر بھی قربانی نہ کرے تو وہ ہماری عید گاہ میں نہ آئے

## اداریہ

قارئین محترم ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ اگست کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہوگا۔آمین

قارئین محترم ذوالحجہ کا مبارک و محترم مہینہ شروع ہو چکا ہے اور اس ماہِ مبارک کا پہلا عشرہ انتہائی عظمت اور فضیلت کا حامل ہے اللہ تعالیٰ نے سورۃ الفجر میں اس ماہ مبارک کی ابتدائی دس راتوں کی قسم کھائی ہے اور نبی اکرم ﷺ نے بھی اپنے ارشادات میں اس ماہ مبارک کی فضیلت بیان فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے حج اور قربانی جیسی عظیم عبادات ہم کو عطا فرمائی ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس ماہِ مبارک میں زیادہ سے زیادہ عبادات اور نیک اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہماری قربانی اور حج کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے (آمین)

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیرِ تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس جاری ہے جس میں تقریباً 100 طلبہ و طالبات شریک ہیں۔ مختصر کورس برائے حضرات میں عربی گرامر کلاس بنام "قرآن اب آسان" ہفتہ میں تین دن بروز پیر، بدھ اور جمعرات بعد نماز مغرب منعقد ہوتی ہے۔ حدیث کلاس بنام "مطالعہ و تفہیم ریاض الصالحین" ہفتہ میں دو دن بروز بدھ اور جمعہ بعد نماز مغرب تا عشاء ہوتی ہے۔ مختصر کورسز برائے خواتین میں قرآن اب آسان عربی گرامر کورس کا دوبارہ آغاز کر دیا گیا ہے جو کہ ہفتہ میں دو دن بروز پیر اور جمعرات 3:30 تا 4:30 بجے تک ہے۔ تجوید کلاس کا آغاز یکم اگست سے ہو گا۔ اکیڈمی کے اسٹاف کی علمی اور اخلاقی تربیت کیلیے روزانہ صبح 09:10 بجے سے 09:30 تک کلاس ہوتی ہے۔ فجر کے بعد مطالعہ سیرۃ النبی ﷺ، ظہر کی نماز کے بعد بیان القرآن کا مطالعہ اور بعد نمازِ عصر حدیث کا مطالعہ جاری ہے۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں رجوع الی القرآن کورس اور نوجوان مسلم قرآن فہمی کورس جاری ہے جس میں 67 طلبہ ریگولر اور 16 طلبہ سامع کی حیثیت سے شریک ہیں جبکہ خواتین میں 79 طالبات ریگولر جبکہ 15 طالبات سامعات کی حیثیت سے شریک ہیں۔ جبکہ نوجوان مسلم قرآن فہمی کورس میں طلبہ کی تعداد 31 ہے۔ مدرسۃ القرآن للحفظ و القراءۃ شعبہ حفظ میں الحمدللہ 70 طلبہ، مدرسۃ البنین و البنات کے درجہ قاعدہ میں 100 طلبہ و طالبات جبکہ درجہ ناظرہ میں 62 طلبہ و طالبات الحمدللہ زیر تعلیم ہیں۔ الحمدللہ یکم جولائی سے ایک نئی درس گاہ کا آغاز کر دیا گیا ہے نئے آنے والے طلبہ کے لیے ہفتہ وار تربیتی نشست کا اہتمام کیا جارہا ہے اور دیگر طلبہ کے لیے ماہانہ تربیتی نشست کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ الحمدللہ حفظ کے طلبہ کرام کے لیے 40 مسنون دعائیں اور 40 احادیث مبارکہ مع متن و ترجمہ زبانی یاد کرانے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ عربی زبان کے بنیادی قواعد اور ان کے اجراء کے لیے ہفتہ واری بنیاد پر ہر ہفتہ دروس اللغۃ العربیہ حصہ دوم کا آغاز الحمدللہ کیا جاچکا ہے جس کے اوقات کار صبح 10 بجے تا 12:30 بجے تک ہیں۔ 5 طلبہ اور 12 خواتین شرکت فرمارہی ہیں۔ الحمدللہ ادارے کے خادمین کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختصر دورانیہ کی کلاس ہوتی ہے جبکہ طلبہ کی عملی مشق کے لیے روزانہ کی بنیاد پر مختصر درس قرآن و حدیث کا اہتمام بعد نمازِ ظہر کیا گیا ہے۔ الحمدللہ مسجد میں بعد نمازِ عصر درس حدیث کا بھی اہتمام ہوتا ہے۔ تنظیم اسلامی فیڈرل بی ایریا کے تحت مسجد ھذا میں ہر جمعہ کو بعد نمازِ عشاء درسِ قرآن منعقد ہوتا ہے اور ہر اتوار کو بعد نمازِ ظہر درسِ حدیث منعقد ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ مسجد جامع القرآن میں وقتاً فوقتاً مجالس نکاح کا بھی انعقاد ہوتا ہے۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں تنظیم اسلامی کورنگی شرقی کے تحت 15 جولائی 2019 سے شام کے اوقات میں عربی گرامر اور تجوید القرآن کی کلاسز کا آغاز کیا گیا جس میں 11 حضرات نے داخلہ لیا۔ رجوع الی القرآن کورس میں تدریس کا سلسلہ الحمد للہ جاری ہے اس کورس میں اب تک 47 حضرات و خواتین رجسٹرڈ ہوچکے ہیں۔ دی ہوپ اسلامک اسکول کے لیڈیز سیکشن کے تحت اسکول میں مینا بازار لگایا گیا۔ جس میں طالبات اور خواتین اساتذہ نے انواع و اقسام کے کھانوں اور دست کاری کے اسٹال بھی لگائے۔ مدرسۃ القرآن میں حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس کا عمل جاری ہے۔ مدرسۃ البنین کے حفظ القرآن میں 25 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 95 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ اسی طرح بنات میں 127 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ جامع مسجد طیبہ میں ہر جمعرات بعد نماز عشاء ہفتہ وار درسِ قرآن ہوتا ہے جس میں مدرّس کے فرائض مدیر قرآن اکیڈمی کورنگی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب انجام دیتے ہیں۔ اسی مسجد میں "حج کی فضیلت، فرضیت و اہمیت" اور "حکمتِ مناسک و ثمرات حج" پر خطاب جمعہ کی ذمہ داری بھی جناب انجینئر نعمان اختر صاحب نے ادا کی۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

رجوع الی القرآن کورس20-2019میں تدریسی سرگرمیاں جاری رہیں۔رجوع الی القرآن کورس سے فارغ التحصیل حضرات کی علمی پختگی کے لئے ہفتہ کے دن ایک روزہ کورس کا آغاز کردیا گیا ہے جس میں صرف ونحو، قصص النبیین، فقہ ، اصول فقہ اور ریاض الصالحین کے مضامین شامل ہیں۔مسجد جامع القرآن گلستان جوہر میں جناب استاذ ڈاکٹر انوار علی صاحب خطاب جمعہ کے فرائض انجام دے رہے ہیں ۔مدرستہ القرآن میں بچوں کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے ہفتہ میں پانچ دن کلاس ہوتی ہے جس میں دعائیں اور نماز سکھانے کا اہتمام ہوتا ہے 4 ماہ میں ایک مرتبہ جائزہ بھی لیا جاتا ہے۔شام کے اوقات میں دینیات کورس 10 جون 2019 سے شروع ہوچکا ہے جس میں ہفتہ میں دو دن عربی گرامر اور تجوید کی کلاس منعقد ہورہی ہیں گزشتہ ماہ 28جولائی کو ایک پروگرام منعقد ہوا جس میں انجمن ممبران اور سابقہ طلبہ گلستان جوہر کو مدعو کیا گیا تھا شرکاء کی معقول تعداد نے شرکت کی۔ادارہ کے تحت مختلف تناظیم کے ہفتہ وار پروگرامز کا انعقاد جاری رہا اس کے ساتھ ساتھ ماہانہ تربیتی اجتماعات بھی منعقد ہوئے اور حلقہ وسطی کا ایک سہ ماہی اجتماع بھی منعقد ہوا۔ادارے کے تحت وقتاً فوقتاً مجالس نکاح کا انعقاد بھی جاری رہا۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد میں رجوع الی القرآن کورس کی تدریس باقاعدگی سے جاری ہے جس میں 15 حضرات اور 35 خواتین شریک ہیں۔نوجوان مسلم قرآن فہمی کورس بھی الحمدللہ جاری ہے جس میں 15 نوجوان شریک ہیں۔ظہر تا عصر بچوں کے لیے ناظرہ قرآن کا سلسلہ الحمدللہ جاری ہے مغرب تا عشاء تعلیم بالغان کا سلسلہ بھی جاری ہے جس میں بڑی عمر کے حضرات کے لیے ناظرہ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ ہر اتوار دوپہر 11 تا 1 بجے بچوں اور بچیوں کے لیے علم فاؤنڈیشن کے نصاب کی تدریس کا سلسلہ جاری ہے جس میں بچوں میں تدریس کی ذمہ داری جناب فاروق پاشا صاحب اور بچیوں میں مسز احسن قائمخانی صاحبہ ادا کر رہی ہیں۔ ہر اتوار بعد نمازِ عشاء درسِ قرآن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب یاسر شیخ صاحب ادا کر رہے ہیں۔

## قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لانڈھی میں الحمدللہ مدرستہ القرآن للحفظ والقراءۃ شعبہ حفظ میں 45 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ اس ماہ الحمدللہ 2 طلبہ نے حفظ کی تکمیل کی۔شعبہ ناظرہ للبنین والبنات میں 117 طلبہ وطالبات زیر تعلیم ہیں۔ 15 روزہ درس قرآن بروز جمعہ بعد نماز مغرب منعقد ہوتا ہے۔ناظم قرآن مرکز جناب محمد ہاشم صاحب بیان کی ذمہ داری ادا کرتے ہیں جس میں سورہ بنی اسرائیل کے سلسلہ وار مطالعہ کا آغاز ہوا۔

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات و دروس

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس:** مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں ”قرآن سے تعلق چند عملی تجربات“ کے موضوع پر درس قرآن و حدیث مورخہ 5 جولائی 2019 بروز جمعۃ المبارک بعد نمازِ مغرب منعقد کیا گیا جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کی۔

”حج تربیتی نشست“ کے موضوع پر 14 جولائی 2019 بروز اتوار مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں پروگرام منعقد کیا گیا جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کی۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں گزشتہ ماہ خصوصی محاضرات اور فکر اسلامی کے تحت 4 لیکچرز منعقد ہوئے جس میں ”تنظیم الاوقات“ جس میں تدریس کے فرائض جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب، مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس نے ادا کیے ”مناسک حج عشرہ ذی الحجہ و فلسفہ قربانی“ میں تدریس کے فرائض جناب شجاع الدین شیخ صاحب، مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن، سندھ کراچی نے ادا کیے۔جب کہ ”دین کا ہمہ گیر تصور“ کے موضوع پر بھی خصوصی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب محمد ارشد صاحب، استاذ قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

نے ادا کی اور ”دینی فرائض کا جامع تصور“ کے موضوع پر خصوصی نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں تدریس کے فرائض جناب سید سلیم الدین صاحب، مدیر قرآن اکیڈمی یٰسین آباد نے ادا کی۔

ماہانہ درس قرآن و حدیث ”وقت کی اہمیت اور تقاضے“ کے موضوع پر 6 جولائی 2019 بروز ہفتہ بعد نمازِ مغرب مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں منعقد کیا گیا جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کی

”حج تربیتی نشست“ کے موضوع پر 14 جولائی 2019 بروز اتوار بعد نماز عصر مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں پروگرام منعقد کیا گیا جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے ادا کی۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی** میں گزشتہ ماہ تین عنوانات کے تحت خصوصی محاضرات اور فکر اسلامی منعقد ہوئے۔ ”فضیلت علم“ جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب شجاع الدین شیخ صاحب جبکہ ”عشرہ ذی الحجہ فلسفہ قربانی و مناسک حج“ اس میں بھی جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے تدریس کی ذمہ داری ادا کی۔ جبکہ ” مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق“ کے موضوع پر جناب سید سلیم الدین صاحب نے گفتگو فرمائی۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں گزشتہ ماہ 17 جولائی 2019 بروز بدھ تنظیم الاوقات (TIME MANAGEMENT) کے موضوع پر ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا جس میں معلم کی ذمہ داری قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے مدیر جناب ڈاکٹر الیاس صاحب نے ادا کی۔

**قرآن مرکز لانڈھی** میں گزشتہ ماہ VISION & TIME MANAGEMENT کے عنوان سے ایک شارٹ کورس کا 13 جولائی سے آغاز کیا گیا ہے۔ جس میں 4 لیکچرز منعقد کیے جائیں گے 3 لیکچرز ہو چکے ہیں۔ مدرس مدیر قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب ہیں۔

## شعبہ سمع و بصر

### قرآن فورم:

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن و سنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب سہیل احمد صاحب میزبانی کے فرائض سرانجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو ون نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 1 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پر بھی ہر ہفتہ باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ گزشتہ ماہ جولائی 2019ء میں درجِ ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

”حج کی اہمیت و فرضیت اور اس کا طریقہ کار“، ”حج کی روح اور اس کے تقاضے“، ”اسلام میں کھیل اور تفریح“، ”نماز اور اس کی اہمیت“، ”اکلِ حلال“

### حج بیت اللہ (حج تربیتی نشست):

مورخہ 14 جولائی 2019ء بروز اتوار قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں "حج بیت اللہ" کے عنوان سے ایک حج تربیتی نشست کا انعقاد ہوا۔ جسے جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے کنڈکٹ کیا۔ کم و بیش 5 گھنٹے پر مشتمل اس تربیتی نشست کو قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ کے علاوہ قرآن چینل کے فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر براہِ راست نشر کیا گیا۔

### قرآن سے تعلق... چند عملی تجربات:

مورخہ 5 جولائی 2019ء بروز جمعہ قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا ماہانہ خصوصی خطاب منعقد ہوا جس کا عنوان تھا" قرآن سے تعلق... چند عملی تجربات" مذکورہ پروگرام کی ویڈیو ریکارڈنگ کی گئی جسے بعد ازاں قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ کے علاوہ قرآن چینل کے یوٹیوب چینل پر اپ لوڈ کیا گیا۔

### اے اُمتِ رسول ﷺ:

The Spreading Islam Network کے نام سے Facebook پیج کی درخواست پر جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا ایک خصوصی لیکچر بعنوان "اے امتِ رسول ﷺ" ریکارڈ کیا گیا۔ جسے ایڈیٹنگ کے بعد مذکورہ پیج کو فراہم کیا گیا۔

### ابوظہبی سیریز (ڈاکٹر اسرار احمدؒ):

دعوتِ فکرِ اسلامی کے عنوان سے جاری تنظیم اسلامی کی مہم کے لیے بانئ محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کی ابوظہبی سیریز کے دو سے ڈھائی گھنٹوں پر مشتمل تمام 9 لیکچرز کو ایک ایک گھنٹے کے مختصر لیکچرز میں تقسیم کیا گیا۔ مذکورہ تمام لیکچرز قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ اور قرآن چینل (یوٹیوب) پر اپ لوڈ کر کے شیئر کیے گئے۔

### تحریک و تنظیمِ دعوت (ڈاکٹر اسرار احمدؒ):

مذکورہ عنوان سے بانئ محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے ایک خصوصی لیکچر کو ایڈٹ کر کے دعوتِ فکرِ اسلامی مہم کے دوران استعمال کے لیے تیار کیا گیا۔

**اسلام چینل اردو(UK)**

اسلام چینل اردو(**UK**) پر شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت تیار کیے گئے حسبِ ذیل پروگرام ہر ہفتہ نشر ہوتے رہے:

مطالباتِ قرآن (مدرّس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)، دورانیہ: 45منٹ

بیان الہدیٰ (مدرس: انجینئر نعمان اختر صاحب)، دورانیہ: 30منٹ

# اعلانات

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** دوپہر کے اوقات میں بچیوں کے ناظرہ قرآن کے لیے بہت جلد ایک قاریہ کا انتظام کیا جائے گا تاکہ بچوں کے ساتھ بچیوں کے ناظرہ قرآن کا سلسلہ شروع ہو سکے۔ عید الاضحیٰ کے بعد ادارۂ ہذا میں شام کے اوقات میں حضرات کے لیے عربی گرامر کورس کا آغاز کیا جائے گا جس کا دورانیہ تین ماہ پر مشتمل ہو گا۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں ان شاء اللہ 26 اگست 2019 سے حلقات و دورات دینیہ (Short Courses) کے تحت مختلف کورسز کا آغاز ہو رہا ہے جس میں عربی گرامر، تجوید برائے حضرات و خواتین، اسی طرح بچوں اور بچیوں کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے مختصر دورانیہ پر مشتمل کورس کا انعقاد کیا جائے گا۔
تنظیم اسلامی فیڈرل بی ایریا کے تحت شام کے اوقات میں قرآن فہمی کورس کا بھی انعقاد کیا جائے گا۔